© rasailojaraid.com



# علمائے اہلحدیث کی طرف سے قرآن مجید کی مختلف آیات اور بعض سورتوں کی تفسیر

عبدالرشید عراقی

عربی زبان میں تفسیر کے لفظی معنی "کھولنا" اور اصطلاح میں قرآن مجید کے وضاحت سے معنی بیان کرنے کو تفسیر کہتے ہیں۔ قرآن میں آنحضرت ﷺ کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد ہے :

وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم

ترجمہ :۔ اور ہم نے قرآن مجید آپ پر اتارا تاکہ آپ لوگوں کے سامنے وہ باتیں وضاحت سے بیان کریں جو ان کی طرف اتاری گئی ہیں۔ (النحل ۴۴)

علامہ محمود الرسی (م ۱۲۷۰ھ) فرماتے ہیں :

علم تفسیر وہ علم ہے جس میں الفاظ قرآن کی ادائیگی کے طریقے ان کے مفہوم ان کی انفرادی اور ترکیبی احکام اور ان کے معانی سے بحث کی جاتی ہے۔ جو ان الفاظ سے ترکیبی حالت میں مراد لئے جاتے ہیں نیز ان معانی کا تکلمہ' ناسخ و منسوخ' شان نزول اور امور مبہم کی توضیح کی شکل میں بیان کیا جاتا ہے۔

(روح المعانی ج ۱ ص ۴)

## اصول تفسیر

علمائے کرام نے تفسیر کے ماخذ حسب ذیل بیان فرمائے ہیں :

(۱) قرآن کریم (۲) حدیث نبوی ﷺ (۳) اقوال صحابہ کرامؓ
(۴) اقوال تابعین (۵) لغت عرب (۶) تدبر استباط (عقل سلیم)

علمائے کرام نے اس عنوان (اصول تفسیر) پر عربی' فارسی اور اردو میں کتابیں لکھیں ہیں اور علمائے اہل حدیث نے اس سلسلہ میں جو سعی و کوشش کی ہے اس کی مختصر تفصیل یہ ہے :

۱۔ الاکسیر فی اصول التفسیر (فارسی) مولانا سید نواب صدیق حسن خاں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۔ مقدمہ آیات متشابہات۔ مولانا ثناء اللہ امرتسری
۳۔ درایت تفسیری ۔ مولانا حافظ عبداللہ روپڑی
۴۔ حواشی و ترجمہ اصول تفسیر۔ تالیف امام ابن تیمیہؒ ترجمہ مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی' حواشی' مولانا محمد عطاء اللہ حنیف بھوجیانیؒ

## علمائے اہل حدیث

برصغیر (پاک و ہند) میں علمائے اہل حدیث نے قرآن مجید کی خدمت میں گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ عربی' فارسی' اردو میں قرآن مجید کی طویل' متوسط اور مختصر تفاسیر لکھیں۔ حواشی بھی رقم فرمائے۔ مکمل تفاسیر کا تعارف انشاء اللہ العزیز علیحدہ مقالہ میں کرایا جائے گا۔ یہاں صرف ان تفاسیر کا ذکر کرنا مقصود ہے۔ جو علمائے کرام نے قرآن مجید کی مختلف آیات اور بعض سورتوں کی تفسیر کی ہے۔

**مولانا سید نواب صدیق حسن خانؒ (م ۱۳۰۷ھ)**

۱۔ تذکیر الکل بتفسیر الفاتحہ و اربع قل
۲۔ نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام (عربی)

**مولانا محمد مظہر علی سہوانیؒ (م ۱۳۱۲ھ)**

۳۔ تفسیر مظہر البیان (سورہ فاتحہ اور سورہ البقرہ)

**مولانا حافظ ابراہیم آرویؒ (م ۱۳۱۹ھ)**

۴۔ تفسیر خلیلی (۴ جلد)
جلد اول (سورہ فاتحہ و بقرہ)
جلد دوم (پارہ ۲۹)
جلد سوم و چہارم (پارہ ۳۰)

**مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری (م ۱۹۳۰ء)**

۵۔ الجمال والکمال (سورہ یوسف)

**مولانا ابوالبرکات عبیداللہ حیدر آبادی (م ۱۳۳۷ھ)**

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۶۔ علم الامر من القرآن (۱۲ آیات امر کی تفسیر)
۷۔ علم النہی من القرآن (آیات نہی کی تفسیر)
۸۔ علمی التمنی من القرآن (آیات تمنی کے متعلق آیات کی تفسیر)
۹۔ علم الترجی من القرآن (آیات ترجی کی تفسیر)
۱۰۔ علم الندی من القرآن (آیات ندی کی تفسیر)
۱۱۔ علم الدعا من القرآن (آیات دعا کی تفسیر)
۱۲۔ علم الاستفہام من القرآن (آیات الاستفہام کی تفسیر)
۱۳۔ علوم وجوہ المخاطباب من القرآن (اصول مخاطبات کی آیات کی تفسیر)

مولانا سید احمد حسن دہلویؒ (م ۱۳۳۸ء)

۱۴۔ تفسیر آیات الاحکام من کلام رب الانام۔ (تفسیر سورہ فاتحہ و بقرہ)

مولانا وحید الزمان حیدر آبادی (م ۱۳۳۸ھ)

۱۵۔ تبویب القرآن لضبط مضامین قرآن۔ (مختلف مضامین کے متعلق آیات کی تفسیر)

مولانا شاہ عین الحق پھلواروی (م ۱۳۳۳ھ)

۱۶۔ الغراف فی تفسیرق

مولانا محمد جوناگڑھی (م ۱۹۴۱ء)

۱۷۔ تفسیر سورہ فاتحہ

مولانا ثناء اللہ امرتسری (م ۱۹۴۸ء)

۱۸۔ تفسیر سورہ یوسف اور تحریف بائبل
۱۹۔ بیان الفرقان علی علم البیان (عربی) سورہ فاتحہ و بقرہ)

مولانا حافظ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی (م ۱۳۷۵ھ)

۲۰۔ واضح البیان فی تفسیر ام القرآن (تفسیر سورہ فاتحہ)
۲۱۔ ریاض الحسنات (سورۃ السجدہ، یسین، ملک، نوح، مزمل کے حواشی)
۲۲۔ تفسیر سورہ کہف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۳۔ تبصیر الرحمان فی تفسیر القرآن (تفسیر سورہ فاتحہ و بقرہ و آل عمران) (۳ جلد)

۲۴۔ احسن الخطاب فی تفسیر فاتحہ الکتاب (سورہ فاتحہ کی مختصر تفسیر)

۲۵۔ عرائس البیان فی تفسیر سورہ الرحمان

۲۶۔ نجم الہدی (تفسیر سورہ النجم)

۲۷۔ الانوار الساطعہ فی تفسیر سورہ الواقعہ

۲۸۔ الدا لتنظیم فی تفسیر بعض سورہ القرآن العظیم۔ (اس میں قرآن مجید کی ۱۳ سورتوں یعنی السجدہ، یسین، ملک، نوح، مزمل، حجرات، ق، بلد، بینہ، عصر، فیل، قریش اور کوثر کی تفسیر کی گئی ہے۔

مولانا ابوالکلام آزاد (م ۱۹۵۸ء)

۲۹۔ باقیات ترجمان القرآن (اس میں سورہ نور تا سورہ اخلاص تک بعض آیات کی تشریح و تفسیر)

۳۰۔ ام الکتاب (تفسیر سورہ فاتحہ)

۳۱۔ تفسیر سورہ واقعہ

۳۲۔ تفسیر سورہ ملک

۳۳۔ القوی المتین فی تفسیر سورہ والتین

مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی (م ۱۹۵۹ء)

۳۴۔ تفسیر سورہ الکوثر ابن تیمیہ (م ۷۵۶ھ) (ترجمہ)

مولانا عبدالستار صدری دہلوی (م ۱۳۸۶ھ)

۳۵۔ تفسیر سورہ فاتحہ

۳۶۔ تفسیر سورہ یسین

۳۷۔ اکرام محمدی (تفسیر سورہ والضحیٰ) (منظوم)

۳۸۔ حواشی پارہ (۳۰) عم یتساءلون

مولانا عبداللہ الکافی القرشی (م ۱۹۵۰ء)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۹۔ تفسیر سورہ فاتحہ

مولانا غلام رسول قلعوی (م ۱۳۹۱ھ)

۴۰۔ تفسیر سورہ فاتحہ

مولانا محی الدین احمد قصوری (م ۱۹۷۴ء)

۴۱۔ تفسیر سورہ فاتحہ

۴۲۔ تفسیر سورہ نور ابن تیمیہ (م ۷۲۸ھ)

مولانا عبدالخبیر صادق پوری (م ۱۳۵۹ھ)

۴۴۔ تفسیر سورہ فاتحہ

مولانا خواجہ عبدالحی فاروقی (م ۱۹۶۵ء)

۴۵۔ الخلافہ الکبریٰ (تفسیر سورہ بقرہ)

۴۶۔ بیان (تفسیر سورہ آل عمران)

۴۷۔ صراط مستقیم (تفسیر سورہ انفال و توبہ)

۴۸۔ سبیل الرشاد (تفسیر سورہ حجرات)

۴۹۔ عبرت (تفسیر سورہ یوسف)

۵۰۔ برہان (تفسیر سورہ نور)

۵۱۔ سبل السلام (تفسیر سورہ حجرات)

۵۲۔ بصائر (حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون سے متعلق آیات کی تفسیر)

۵۳۔ تفسیر پارہ عم یتساءلون (۳۰)

مولانا محمد رفیق خاں پسروری (م ۱۹۷۷ء)

۵۴۔ اربعین قرآنی در مسئلہ غیب دانی (علم غیب سے متعلق ۴۰ کا ترجمہ و تفسیر)

مولانا عبدالحکیم صادق پوری (م ۱۲۸۶ھ)

۵۵۔ تفسیر سورہ فاتحہ

مولانا رحیم بخش دہلوی (م ۱۳۱۴ھ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۵۶۔ تفسیر سورہ فلق والناس (ابن تیمیہ ۷۲۸ھ) (ترجمہ)

۵۷۔ تفسیر معوذتین (ابن القیم ۷۵۱ھ) (ترجمہ)

مولانا محمد یوسف جے پوری (م ۱۳۴۰ھ)

۵۸۔ تفسیر سورہ فاتحہ

مولانا عبدالرحیم پشاوری (م ۱۳۲۹ھ)

۵۹۔ ترجمہ و تفسیر سورہ النور (ابن تیمیہ م ۷۳۸ھ)

۶۰ تفسیر سورہ معوذتین (حافظ ابن القیم م ۷۵۱ھ)

۶۱۔ تفسیر آیت کریمہ ابن تیمیہ (م ۷۳۸ھ)

مولانا عبید الرحمان عاقل رحمانی

۶۲۔ تفسیر سورہ فاتحہ و بقرہ

مولانا عبدالجلیل رحمانی (م ۱۹۸۶ء)

۶۳۔ تفسیر سورہ فاتحہ و بقرہ بنام تفسیر القرآن

مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی (م ۱۹۵۹ء)

۶۴۔ تفسیر سورہ فاتحہ

مولانا ڈاکٹر عبدالعلی عبدالحمید الازہری

۶۵۔ تحقیق و تفسیر سورہ اخلاص حافظ ابن تیمیہ ۷۲۸ھ (عربی)

۶۶۔ تحقیق و تفسیر سورہ النور حافظ ابن تیمیہ ۷۲۸ھ (عربی)

۶۷۔ تحقیق و تفسیر الایۃ الکریمہ حافظ ابن تیمیہ ۷۲۸ھ (عربی)

مولانا عزیز زبیدی

۶۸۔ تفسیر سورہ فاتحہ

۶۹۔ تفسیر سورہ بقرہ

۷۰۔ تفسیر سورہ آل عمران

مولانا ابوالمسیح احمد الدین پال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۷۱۔ تفسیر القرآن بآیات الفرقان

مولانا محمد علی قصوری (م۱۹۵۶ء)

۷۲۔ قرآنی دعوت انقلاب (اس کتاب میں سورہ قریش، الماعون، کوثر، الفیل، الھمزہ و عصر کی تفسیر کی گئی ہے)

مولانا حافظ عبدالستار حامد وزیر آبادی

۷۳۔ تفسیر سورہ یوسف (خطبات کی روشنی میں)

۷۴۔ تفسیر سورہ مریم (خطبات کی روشنی میں)

۷۵۔ تفسیر سورہ یسین (خطبات کی روشنی میں)

۷۶۔ تفسیر سورہ کہف (خطبات کی روشنی میں)

۷۷۔ تفسیر سورہ النور (خطبات کی روشنی میں)

۷۸۔ تفسیر سورہ التکاثر

مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی (م ۱۹۵۶ء)

۷۹۔ تعلیم القرآن

۸۰۔ تائید القرآن

۸۱۔ حلاوۃ القرآن

۸۲۔ شہادۃ القرآن (۲ جلد) صرف آیت "انی متوفیک و رافعک الی" کی تفسیر

پروفیسر مولانا محمد بن اسماعیل السلفی

پروفیسر مولانا محمد بن اسماعیل السلفی نے سورہ المجادلہ تا والناس (پارہ ۲۸ تا ۳۰) کی مختصر انداز میں تفسیر لکھی ہے۔ جو الاعتصام میں شائع ہوتی رہی ہے۔ اس کے علاوہ سورہ بقرہ کی بھی تفسیر لکھی ہے جو الاعتصام میں شائع ہوتی رہی ہے۔

© rasailojaraid.com